**PUNJAB EXAMINATION COMMISSION**

**EXAMINATION 2016, GRADE - 5**

**ISLAMIAT PART - B (Subjective Type)**

**Part - B = 30 Marks**

# Marking Scheme for Model Paper 2

اہم نوٹ:

1 نمونہ کے جوابات دیے جارہے ہیں۔اگر کوئی طالب علم درست مفہوم کو اپنے الفاظ میں بیان کرے تو بھی مارکنگ سکیم کے مطابق نمبر دیے جائیں۔

2 احادیث اور قرآنی آیات کا ترجمہ یا پیراگراف کی شکل میں لکھے تو بھی مارکنگ سکیم کے مطابق نمبر دیے جائیں۔

3 اگر طالب علم نمونے کے طور پر دی گئی آیت یا حدیث کے علاوہ درست مفہوم والی کوئی اور آیت یا حدیث لکھے تو بھی مارکنگ سکیم کے مطابق نمبر دیے جائیں۔

سوال نمبر 16 — کل نمبر 10

(a) مواخات کے کیا معنی ہیں نیز مواخات مدینہ کی وضاحت کریں۔ (1+2)

**What is meant by Brotherhood (Muakhaat)? Describe the Brotherhood of Madina (Muakhaat-e-Madina).**

جواب: مواخات کے معنی بھائی چارے کے ہیں۔

**Rubric:** اگر کوئی طالب علم مواخات کے معنی لکھتا ہے تو اسے ایک نمبر دیا جائے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہجرت مدینہ کے بعد مہاجرین اور انصار کے درمیان مواخات کا رشتہ قائم کیا۔آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مہاجرین اور انصار کو آپس میں بھائی بھائی بنادیا۔تاریخ میں یہ رشتۂ اخوت مواخات مدینہ کے نام سے مشہور ہے۔

**Rubric:** اگر طالب علم یہ لکھتا ہے تو اسے 2 نمبر دیے جائیں۔اگر کوئی طالب علم آدھا یا نامکمل جواب درست لکھتا ہے تو اسے ایک نمبر دیا جائے۔

(b) انصار اور مہاجرین سے مراد کون لوگ ہیں؟ (2+2)

**What is meant by Ansaar and Muhajareen?**

جواب: مہاجرین سے مراد مکہ مکرمہ کے وہ مسلمان ہیں جنھوں نے کفار مکہ کے ظلم سے تنگ آ کر مکہ مکرمہ سے مدینہ منورہ کی طرف اللہ کی رضا کے لیے ہجرت کی۔

**Rubric:** اگر کوئی طالب علم یہ لکھتا ہے تو اسے 2 نمبر دیے جائیں۔اگر کوئی طالب علم آدھا یا نامکمل جواب لکھتا ہے تو اسے ایک نمبر دیا جائے۔

انصار سے مراد وہ لوگ ہیں جنھوں نے مکہ مکرمہ کے مسلمان مہاجرین کی بھر پور مدد کی۔اللہ تعالی نے ان لوگوں کو انصار کا خطاب دیا۔

**Rubric:** اگر کوئی طالب علم یہ لکھتا ہے تو اسے 2 نمبر دیے جائیں۔اگر کوئی طالب علم آدھا یا نامکمل جواب لکھتا ہے تو اسے ایک نمبر دیا جائے۔

(c) نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے انصار و مہاجرین کو کہاں جمع کیا اور ان سے کیا فرمایا؟ (1+2)

**Where did the Holy Prophet (صلی اللہ علیہ وسلم) gather Ansaar and Muhajareen and what did he say to them?**

جواب: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے انصار و مہاجرین کو حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کے مکان پر جمع کیا۔

**Rubric:** اگر ایک طالب علم یہ لکھتا ہے تو اسے ایک نمبر دیا جائے۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم لوگ آپس میں بھائی بھائی ہو اس لیے میں ایک ایک انصاری اور ایک ایک مہاجر کے درمیان مواخات اور بھائی چارے کا رشتہ قائم کیے دیتا ہوں۔

**Rubric:** اگر کوئی طالب علم یہ جواب لکھتا ہے تو اسے 2 نمبر دیے جائیں اور اگر اس کا آدھا یا نامکمل جواب درست ہو تو اسے ایک نمبر دیا جائے۔

Result.pk

سوال نمبر 17۔ کل نمبر 10

(a) قرآن مجید کی حفاظت کا ذمہ کس نے لیا ہے؟ (1)

**Who has taken the responsibility of guarding the Holy Quran?**

جواب: قرآن مجید کی حفاظت کا ذمہ اللہ تعالیٰ نے لیا ہے۔

**Rubric**: اگر طالب علم یہ لکھتا ہے تو اسے ایک نمبر دیا جائے۔

(b) قرآن مجید کی تلاوت کے بارے میں اللہ تعالیٰ اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا ارشاد فرمایا؟ (2+2)

**Quote the sayings of Allah and the Holy Prophet (صلی اللہ علیہ وسلم) about the recitation of the Holy Quran?**

جواب: اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ پس جتنا آسانی سے ہو سکے (اتنا) قرآن پڑھ لیا کرو۔

**Rubric**: اگر ایک طالب علم پورا فرمان درست لکھتا ہے تو اسے 2 نمبر دیے جائیں اور اگر وہ آدھا فرمان لکھتا ہے تو اسے ایک نمبر دیا جائے۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میری امت کی سب سے افضل عبادت قرآن مجید کی تلاوت ہے۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان کے مطابق قرآن مجید کے ایک حرف کی تلاوت کرنے پر دس نیکیاں ملتی ہیں۔

**Rubric**: اگر ایک طالب علم نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا کوئی ایک فرمان لکھتا ہے تو اسے 2 نمبر دیے جائیں اور اگر وہ آدھا یا نامکمل جواب درست لکھتا ہے تو اسے ایک نمبر دیا جائے۔

(c) قرآن مجید کی تلاوت کے کوئی سے پانچ آداب لکھیں۔ (1x5)

**Write five norms for reciting the verses of the Holy Quran:**

1۔ قرآن مجید کو ہاتھ لگانے سے پہلے پاک صاف ہونا ضروری ہے۔

2۔ قرآن مجید کی تلاوت پاک صاف جگہ پر بیٹھ کر کی جائے۔

3۔ قرآن مجید کی تلاوت کرنے سے پہلے تعوذ اور تسمیہ پڑھنا ضروری ہے۔

4۔ قرآن مجید کی تلاوت کے دوران باتیں کرنا مناسب نہیں۔

5۔ قرآن مجید کی تلاوت اطمینان اور سکون کے ساتھ ٹھہر ٹھہر کر کرنی چاہیے۔

**Rubric**: ہر درست ادب لکھنے پر ایک نمبر دیا جائے۔ اگر کوئی طالب علم ان آداب کے علاوہ قرآن مجید کا کوئی اور درست ادب لکھتا ہے تو اسے بھی نمبر دیے جائیں۔

سوال نمبر 18۔ کل نمبر 10

(a) حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کے والد اور والدہ کا نام لکھیں۔ (1+1)

**Write the names of father and mother of Hazrat Khalid bin Waleed (رضی اللہ عنہ).**

جواب: حضرت خالد بن ولید کے والد کا نام ولید اور والدہ کا نام لبابہ تھا۔

**Rubric**: حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کے والد اور والدہ کے درست نام لکھنے پر ایک ایک نمبر دیا جائے۔

(b) نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کو سیف اللہ کا خطاب کیوں دیا؟ (4)

**Why did the Holy Prophet (صلی اللہ علیہ وسلم) give the title of Saifullah to Hazrat Khalid bin Waleed (رضی اللہ عنہ)?**

جواب: 8 ہجری میں جنگ موتہ ہوئی جس میں حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ نے بہادری کے خوب جوہر دکھائے۔ اس جنگ میں آپ رضی اللہ عنہ کے ہاتھوں آٹھ تلواریں ٹوٹیں۔ آپ رضی اللہ عنہ اپنی جنگی مہارت کی وجہ سے مسلمانوں کو دشمن کے نرغے سے نکال کر مدینہ منورہ لے آئے۔ اس جنگ میں بہادری کی وجہ سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کو سیف اللہ کا خطاب دیا۔

**Rubric**: پورے درست مفہوم والے جواب کے چار نمبر دیے جائیں اور اگر کوئی طالب علم آدھا یا نامکمل درست جواب دیتا ہے تو اسے 1 تا 3 نمبر دیے جائیں۔

Result.pk

(c) حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کی اسلام کے لیے کوئی سی چار خدمات لکھیں۔ **(1x4)**

**Describe any four services rendered by Hazrat Khalid bin Waleed (رضی اللہ عنہ) for Islam.**

جواب: (i) 8 ہجری میں جنگ موتہ ہوئی، اس میں مسلمانوں کو دشمن کے نرغے سے نکال کر مدینہ منورہ لے آئے۔

(ii) حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ نے مسیلمہ کذاب کے بڑے لشکر کو شکست دی۔

(iii) عراق کی عظیم الشان فتح میں بھی حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کا نمایاں کردار ہے۔

(iv) 13 ہجری میں جنگ یرموک میں مسلمانوں کو کامیابی حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کی وجہ سے ملی۔

**Rubric**: طالب علم کو حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کی ہر خدمت اسلام کے لیے ایک نمبر دیا جائے۔ اگر کوئی طالب علم ان خدمات کے علاوہ حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کی اسلام کے لیے کوئی اور خدمات لکھتا ہے تو اسے بھی نمبر دیے جائیں۔

Result.pk